© rasailojaraid.com

## مولانا قاری عبدالمجید (منڈی بہاؤالدین) کا انتقال پُر ملال

مورخہ 31 مئی بروز منگل بزرگ عالم دین مولانا قاری عبدالمجید سرپرست مرکزی جمعیت اہل حدیث منڈی بہاؤالدین وسابق ناظم منڈی بہاؤالدین اور خطیب مرکزی جامع مسجد اہل حدیث منڈی بہاؤالدین وفات پاگئے۔انا للّٰہ و انا الیہ راجعون. مرحوم نے اپنی ساری زندگی دین حنیف کی دعوت وتبلیغ میں گزاری۔ مرحوم کو اللہ تعالیٰ نے بہت سی خوبیوں سے نواز رکھا تھا۔ بیک وقت ایک مدرس، خطیب ومبلغ تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ مولانا عبدالواحد سلفی ناظم اعلیٰ مرکزیہ گجرات نے پڑھائی۔

## شیخ حافظ محمد زبیر عمر، شیخ محمد عبید عمر و شیخ محمد عمیر عمر (سوہاوہ) کو صدمہ

## اُن کے والد محترم شیخ محمد عمر کا انتقال پُر ملال

مورخہ 24 مئی بروز منگل شیخ حافظ محمد زبیر عمر، شیخ محمد عبید عمر اور شیخ محمد عمیر عمر کے والد محترم طویل علالت کے بعد سوہاوہ میں انتقال کر گئے۔انا للّٰہ و انا الیہ راجعون. مرحوم جامع مسجد سوہاوہ اہل حدیث کے اولین نمازی اور معاون ہونے کے ساتھ ساتھ انتہائی بااخلاق اور نیک انسان تھے۔مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی جس میں ان کے عزیز واقربا کے علاوہ سوہاوہ شہر سے کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔جہلم سے نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی، صدیق احمد یوسفی اور سیٹھی محمد ارشد نے نماز جنازہ میں شرکت کی۔

## قاری غلام رسول (مدرس جامعہ علوم اُثریہ) کو صدمہ

## ان کے والد محترم حاجی عبدالواحد کا سانحہ ارتحال

مورخہ 9 جون بروز جمعرات قاری غلام رسول مدرس جامعہ علوم اُثریہ کے والد محترم حاجی عبدالواحد کٹن شنگوش ضلع نیلم آزاد کشمیر میں طویل علالت کے بعد وفات پاگئے۔انا للّٰہ و انا الیہ راجعون. مرحوم صوم و صلوٰۃ کے پابند، بااخلاق اور شب زندہ دار انسان تھے۔مرحوم نے مسجد و مدرسہ کیلئے اپنی زمین وہاں پر وقف کی۔ آج وہ عظیم الشان مسجد اور مدرسہ ان کیلئے صدقہ جاریہ ہے۔مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔ جہلم سے جامعہ کے مدیر التعلیم مولانا محمد عبداللہ، مولانا نوید احمد بشار اور قاری عبدالوحید امام و مدرس جامع مسجد اللہ اہل حدیث پوران نے نماز جنازہ میں شرکت کی۔

رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے سعودی عرب سے واپس آنے کے بعد قاری عبدالمجید رحمہ اللہ، شیخ محمد عمر رحمہ اللہ کے گھر جاکر ان کے بیٹوں سے، اور قاری غلام رسول سے ان کے والد محترم کی وفات پر تعزیت کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرمائے۔آمین



© rasailojaraid.com